سوال

(130) مسجد کا کنواں زکوٰۃ سے بنایا جا سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسجد کا کنواں کوئی شخص زکوۃ سے بنوا سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصارف زکوٰۃ میں ایک لفظ فی سبیل اللہ ہے اس کی تفسیر جمہور مفسرین خاص ضروریات جہاد کرتے ہیں، مگر بعض کے نزدیک اس لفظ کے معنی میں کل نیک کام داخل ہیں، اس بنا پر بعض علماء مال زکوٰۃ کو مسجد وغیرہ مقامات میں بھی صرف کرنا جائز جانتے ہیں، خاکسار بھی اس قول کو صحیح جانتا ہے۔ پس صورت مرقومہ میں مال زکوٰۃ کے مال سے کنواں بنوانا جائز ہے۔ العلم عند اللہ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۷۸)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02